30/04/2026
12.30 pm

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔
خبروں کا بلٹن لیکر میں **بصارت گل**

ریل
جموں اور سرینگر کے درمیان براہ راست وندے بھارت ریل خدمت کا آج سے آغاز ہو ا ۔ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو جموں توی ریلوے سٹیشن سے اس ریل گاڑی کو جھنڈی دکھا کر سرینگر کے لئے روانہ کیا ۔ اس موقعہ پر وزیر اعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ کے علاوہ کئی دیگر اہم شخصیات موجود تھیں ۔ ناردرن ریلوے کے مطابق یہ ریل گاڑی بیس ڈبوں پر مشتمل ہو گی ۔ جدید سہولیات سے لیس اس ریل گاڑی سے سیاحتی اور اقتصادی سرگرمیوں کو دوام حاصل ہونے کے ساتھ ساتھ لوگوں کو سرینگر اور جموں کے درمیان سفر کرنے میں کافی آسانی پیدا ہو گی ۔اطلاعات کے مطابق دو مئی سے اس ریل سروس کا باضابطہ طور سے آغاز ہو رہا ہے ۔

لیفٹننٹ گورنر
لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران مجموعی سلامتی کے سلسلے میں مختلف Pilgrimages صورتحال ، نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان اور آنے والے ضلعوں میں کی جا رہی تیاریوں کا جائزہ لیا ۔ اس تعلق سے انہوں نے مختلف ضلعوں کے ڈپٹی کمشنروں اور پولیس سربراہوں سے جانکاری حاصل کی ۔ انہوں نے بہتر نتائج حاصل کرنے کے لئے انتظامیہ اور مختلف سلامتی ایجنسیوں کے مابین بہتر تال میل کی ضرورت پر زور دیا ۔

ایل جی ڈرگ
جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیں۔لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام

پولیس نشہ
وادی میں جاری نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت اب تک 296 ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کشمیر IGP ایکٹ کے تحت 281 کیس درج کئے گئے ہیں ۔یہ جانکاری کل NDPS کیا گیا ہے نیز سرینگر میں منعقدہ PCR وی کے بردی اور صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ کی صدارت میں ایک میٹنگ کے دوران دی گئی ۔ میٹنگ میں بتایا گیا کہ منشیات کے حساس مقامات کی نشاندہی کر کے لوگوں کو اس بدعت کے بارے میں جانکاری دینے کے لئے 460 بیداری پروگرام منعقد کئے گئے ۔

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان
دریں اثناءسو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت پولیس ، انتظامیہ اور دیگر محکموں کی طرف سے سرگرمیونمیں ہر گزرتے دن کے ساتھ اضافہ ہو رہا ہے ۔ پولیس اس بدعت میں ملوث ڈرگ سمگلروں کے خلاف سخت کاروائی کر رہی ہے اور دوسری جانب اس لت کے شکار لوگوں کے ساتھ ساتھ عام لوگوں میں منشیات کے مضر اثرات کے بارے میں بیداری پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں ۔

اسپیکر

قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے جموں میں افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران نئے تعمیر کئے جا رہے لیجسلیچر کمپلیکس کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ سپیکر موصوف نے متعلقہ ایجنسی کو ہدایت دی کہ وہ کاموں کے معیار کو بر قرار رکھتے ہوئے اس کی برو قت تکمیل کو یقینی بنائیں ۔
سیٹھی اور کئی دیگر افسران Achal میٹنگ میں قانون ،انصاف و پارلیمانی امور کے سیکریٹری بھی موجود تھے۔

ایڈوائزری

دربار مو سے جُڑے دفاتر کی جموں سے سرینگر منتقلی کے سلسلے میں ٹریفک پولیس نے ایک ٹریفک ایڈوائزری جاری کی ہے تاکہ دربار کی احسن منتقلی کو یقینی بنایا جا سکے ۔ ایڈوائزری کے مطابق آج رات 12 بجے سے لے کر کل دن کسی بھی مال بردار گاڑی کو جکھینی ادھمپور سے رام بن ، بانہال اور سرینگر نیز قاضی گنڈ سے بانہال ، رام بن اور ادھمپور کی طرف جانے کی اجازت نہیں دی جائے گی ۔

کولگام

بیہی باغ کولگام میں کل ایڈیشنل ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمشنر الطاف احمد خان کی صدارت میں ایک بڑے بلاک دِوس کا انعقاد کیا گیا جس دوران افسروں نے لوگوں کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ انہوں نے لوگوں کو یقین دلایا کہ اجا گر کئے گئے مسائل کو مرحلہ وار طریقے پر حل کیا جائے گا ۔

بڈگام

بڈگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر اطہر عامر خان نے کل ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں دستیاب ریونیو خدمات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے ایک منصفانہ طریقے میں لینڈ ریکارڈس کی سو فیصد Digitisation کو یقینی بنانے کی افسروں کو ہدایت دی ۔

بانڈی پورہ

بانڈی پورہ کی ضلع ترقیاتی کمشنر اندو کنول چِب نے کل ایک میٹنگ کے دوران سب ڈویژن گریز میں ڈسٹرکٹ کیپیکس اور دیگر سکیموں کے تحت درِ دست لئے گئے ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ رقومات کے منصفانہ تصرف کو یقینی بناتے ہوئے کاموں کی بر وقت تکمیل کو یقینی بنائیں ۔

ACB

سپیشل جج اینٹی کورپشن کورٹ اننت ناگ کی عدالت نے اننت ناگ ضلعے میں اُس وقت کے محکمے کے پانچ سٹور کیپروں کو راشن کے خرد برد کے ایک معاملے Food and Supplies میں مجرم قرار دے کر ان کے خلاف دو سال کی قید اور ایک لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کیا ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****